# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu news Bulletin

**Time :**09:25 AM

Date: 04-August-2026

---

**Opening**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجاز اختر

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

---

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سائنسدانوں اور دیگر ماہرین پر زور دیا ہے کہ وہ ترقیاتی عمل کو دوام بخشتے ہوئے مسائل کا قدرتی طور طریقوں پر مبنی حل نکالنے کیلئے سامنے آجائیں۔ اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ میں

**"Strengthening Climate Resilience and livelihoods in the Himaliyan Region through Nature based Solutions"**

کے موضوع پر منعقدہ ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا ہمالیائی خطے میں تیزی سے آب وہوا میں تبدیلی آرہی ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو بعض اوقات ناگہانی آفات کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔

_____V/O_____

.............

مبارکباد

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سری لنکا کے خلاف کھیلی جانے والی ٹیسٹ سیریز کیلئے بھارتی سکارڈ میں عاقب نبی کو شامل کئے جانے پر انہیں مبارکباد دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا ہے کہ یہ جموں وکشمیر کیلئے باعث افتخار ہے ۔ وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے بھی عاقب نبی کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ جموں وکشمیر کے نوجوان ہر سطح پر اپنی بے مثال صلاحیتوں کا مظاہرہ کررہے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ عاقب نبی جموں وکشمیر کے نوجوانوں کیلئے تحریک کا باعث بنیں گے ۔

.............

کیمپ بارہمولہ

سماجی بہبود محکمے کے اہتمام سے شمالی کشمیر کے بارہمولہ، کپوارہ اور بانڈی پورہ اضلاع کیلئے بارہمولہ میں ایک جانکاری کیمپ منعقد کیا گیا۔ اس کیمپ میں سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو اور زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار کے علاوہ وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نیز تینوں اضلاع کے ممبران اسمبلی نے شرکت کی ۔ اس موقعے پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے سکینہ ایتو نے محکمے کی اسکیموں سے متعلق جانکاری عام کرنے کیلئے اس طرح کے پروگراموں کے انعقاد کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے حال ہی میں منتخب کئے گئے آنگن واڑی ورکروں میں تقرر نامے تقسیم کئے ۔

.............

انشل گرگ

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے گاندربل ضلعے میں سرینگر رنگ روڑ کے دوسرے مرحلے پر جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے رنگ روڑ کی تعمیر میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے اور اس پروجیکٹ کو بروقت مکمل کرنے کی متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی ۔ انشل گرگ نے اس سلسلے میں مختلف محکموں کے مابین تال میل کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

.............

کلاؤڈ برسٹ

جموں وکشمیر میں اس برس اب تک بادل پھٹنے کے 35 واقعات رونما ہوئے ہیں، جن میں 31 افراد از جان ہو گئے ۔ ہمارے جموں کے نمائندے نے سرکار کی جانب سے جاری کئے گئے اعداد وشمار کے حوالے سے خبر دی ہے کہ یکم جون سے جولائی کے وسط تک بادل پھٹنے کے 22 واقعات پیش آئے ۔ان واقعات میں پونچھ، راجوری، کٹھوعہ، ڈوڈہ، کشتواڑ، شوپیان اورکپوارہ اضلاع سب سے زیادہ متاثر ہوئے ۔

..............

کولگام احتجاج

کیلم کولگام میں عام شہریوں اور اوقاف کمیٹی کے ممبران نے کل شام غیر ریاستی مزدوروں کی ہلاکت کے خلاف احتجاج کیا۔کولگام سے ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ احتجاج میں شامل لوگوں نے دہشت پسندی کے خلاف نعرے بلند کرتے ہوئے چندروز قبل ایک حملے میں مارے گئے دومزدوروں کے لواحقین کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔

..............

کونسلنگ

آل انڈیا کوٹا کے تحت ایم بی بی ایس اور دیگر انڈر گریجویٹ میڈیکل کورسز میں داخلے کیلئے کونسلنگ کا پہلا دور آج سے شروع ہورہا ہے اور سال 2026.27 کے تدریسی سیشن کا آغاز 8 ستمبر سے ہوگا۔ شیڈول کے مطابق کونسلنگ کا دوسرا دور 24 اگست سے 2 ستمبر تک جبکہ تیسرا مرحلہ 10 ستمبر سے 18 ستمبر مقرر کیا گیا ہے۔

..............

این ایس ڈی اطلاع

آکاشوانی سے ہر شام 6 بجکر 25 منٹ پر نشر ہونے والے کشمیری خبروں کے قومی بلیٹن کے نشریے کا وقت تبدیل کر دیا گیا ہے ۔ یہ بلیٹن اب آج سے ہر دن شام 6 بجکر 15 منٹ پر نشر ہوا کرے گا۔

..............

شہر شہر منظر

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام ''شہر شہر منظر'' کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک ہو رہی ہے۔ خواہشمند افراد اپنے مسائل ریکارڈ کروانے کیلئے فون نمبر 0194-2452019 پر کال کر سکتے ہیں۔

.............

یاترا

شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے۔ آج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے 964 یاتریوں پر مشتمل 27 واں قافلہ وادی کی جانب روانہ کیا گیا۔

.............

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ پر آج ٹریفک کی آمد و رفت معطل رکھی گئی ہے۔ ہمارے نمائندے نے حکام کا حوالہ خبر دی ہے کہ شاہراہ پر سمرولی کے نزدیک پھسلن کے نتیجے میں ٹریفک کو احتیاطی طور بند کیا گیا۔ تاہم شری امرناتھ جی یاترا کے 27 ویں قافلے کو چلنے کی اجازت دی گئی ہے۔

.............

پہلگام روڑ

اننت ناگ ضلعے میں کل ہوئی موسلا دھار بارشوں کے نتیجے میں اننت ناگ پہلگام روڑ پر لنگن بل کے نزدیک سڑک ایک حصہ ڈہ گیا۔ ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ اننت ناگ کو پہلگام کے ساتھ ملانے والے پُل کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ حکام نے اس سڑک پر ٹریفک کی آوا جائی عارضی طور بند کر دی ہے۔ سڑک کو بحال کئے جانے کا کام جاری ہے۔

.............

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا سے گیا۔

.............

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

**خدا حافظ**